مراسلہ نمبر: PEF/CIR/FAS/04-2026/517-A تاریخ: 12 ستمبر 2026

محترم سکول مالکان / لائسینیز

عنوان: طلباء کی سلامتی کے لیے اسکولوں میں حفاظتی انتظامات بارے ہدایات

السلام علیکم!

بذریعہ سرکلر نمبر PEF/CIR/FAS/04-2026/517 مورخہ 30 اپریل 2026 تمام پارٹنر اور لائسینسی سکولز کو پنجاب ایجوکیشن فاونڈیشن سے متعلقہ سکولز میں زیر تعلیم طلبا کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے درج ذیل حفاظتی اقدامات پر فوری اور سختی سے عمل درآمد کرنے کی ہدایات جاری کی گئی تھیں۔ بذریعہ سرکلر ہذا ان ہدایات کا اعادہ کیا جارہا ہے۔

1۔ کلاس رومز، واش رومز، برآمدوں کی چھتوں، دیواروں اور دیگر حصوں میں موجود کسی بھی قسم کی خرابی، دراڑ یا ٹوٹ پھوٹ کو فوری طور پر دور کیا جائے۔ **خصوصی طور پر چھتوں کا مکمل محفوظ ہونا یقینی بنائیں۔**

2۔ اسکول کی عمارت میں کسی بھی جگہ کھلی یا ننگی تار (Naked Wire) کا ہونا سخت ممنوع ہے۔ تمام بجلی کی تاریں فوری طور پر پائپوں یا ڈکٹس (Ducts) میں محفوظ طریقے سے بند کی جائیں تاکہ کسی بھی طالب علم کو بجلی کے حادثے کا خطرہ نہ رہے۔

3۔ تمام سوئچ بورڈز اور بجلی کے ساکٹس کو خاص طور پر طلباء کی پہنچ سے دور اور محفوظ اونچائی پر نصب کیا جائے۔ کم اونچائی پر لگے ساکٹس یا بورڈز فوری طور پر تبدیل یا محفوظ بنائے جائیں۔

4۔ جہاں کہیں بھی تار کٹی ہوئی، پرانی یا خستہ حال ہو، اسے عارضی ٹیپ لگا کر چھوڑ دینا قطعاً ناقابلِ قبول ہے۔ ایسی تمام تاریں فوری طور پر مکمل طور پر تبدیل کی جائیں۔ عارضی حل مستقبل خطرے کا سبب بن سکتا ہے۔

5۔ اسکول میں موجود تمام برقی آلات بشمول واٹر کولر، پنکھے، موٹر پمپ اور دیگر آلات کی ارتھنگ (Earthing) کو باقاعدگی سے مستند الیکٹریشن سے چیک کروایا جائے۔

چیف کی جانب سے پہلے سے جاری ہدایات کے مطابق اسکول بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹ کی تجدید کروائیں۔ اگر کسی بھی اسکول میں مذکورہ حفاظتی ہدایات پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے کوئی حادثہ پیش آتا ہے تو متعلقہ سکول انتظامیہ کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر مانیٹرنگ اینڈ ایویلوایشن ڈائریکٹوریٹ